فوری ریلیز کے لیے: 23/12/2022 ***KATHY HOCHUL گورنر***

سردیوں کے طوفان کے دوران ایری کاؤنٹی میں نیشنل گارڈ کی تعیناتی کے بارے میں گورنر KATHY HOCHUL کا بیان

"ریاست بھر میں منجمد درجہ حرارت اور ساحلی سیلاب، اور خاص طور پر مغربی اور شمالی نیویارک میں برف اور پانی کے انجماد کے ساتھ نیویارک کے رہائشی جان لیوا اور خطرناک موسم سرما کے طوفان کا سامنا کر رہے ہیں۔

"ایری کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Mark Poloncarz اور بفلو میئر Byron Brown کے ساتھ تعاون میں، خاص طور پر ان رہائشیوں کی مدد کے لیے جن کی فوری طبی اپائنٹمنٹس مقرر ہیں اور جنہیں سفر میں مدد درکار ہے، میں نیشنل گارڈ کے 54 ارکان کو ایری کاؤنٹی میں تعینات کر رہی ہوں۔ یہ ارکان چند گھنٹوں میں عملی کام کے لیے نافذ کیے جائیں گے۔

"میں نیویارک کے رہائشیوں کو یقین دلانا چاہتی ہوں کہ ہمارے تمام ریاستی وسائل طوفان کی بحالی کی کوششوں میں مدد کے لیے متعین کیے گئے ہیں، اور ہم ریاست بھر کے مقامی حکام کے ساتھ مل کر تعاون کر رہے ہیں۔ یاد رکھیں: سڑکوں پر سفر کرنے سے گریز کریں اور اپنے گھر میں محفوظ رہنے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418